# صاف پیشاب کا نمونہ کیسے جمع کریں

## شیرخوار بچوں اور چھوٹے بچوں کےلیے

### صاف نمونہ لینے کا طریقہ

**1**



نمونہ لینے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں۔

**2**



کنٹینر کا ڈھکن اتار دیں اور اسے کسی صاف سطح پر اس طرح رکھیں کہ اس کا اندرونی حصہ اوپر کی طرف ہو۔

**3**



جو بچے خود بیت الخلاء استعمال کر سکتے ہوں، ان کےلیے،
جب بچہ پیشاب کر رہا ہو تو اس طرح کھڑے ہوں یا بیٹھیں کہ پیشاب کا کچھ حصہ کنٹینر میں آسانی سے جمع کر سکیں۔
پیشاب کے شروع کے چند قطرے نہ لیں۔ اور درمیانی دھار کا پیشاب جمع کریں۔ کنٹینر میں جتنا ممکن ہو پیشاب جمع کر لیں، لیکن اسے اتنا نہ بھریں کہ وہ باہر بہنے لگے، یا اگر اس پر نشان بنا ہو تو اسی نشان تک بھریں۔

**4**



زیادہ تر شیر خوار بچے اور ننھے بچے دودھ پینے یا کچھ پینے کے تھوڑی دیر بعد پیشاب کر دیتے ہیں۔
آپ بچے کا ڈائپر اترے ہونے کے دوران اور دودھ پلانے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر پیشاب کا نمونہ جمع کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔

- کنٹینر پہلے سے تیار رکھیں اور بچے کا ڈائپر اتار دیں۔ ان کی شرم گاہ کو اچھی طرح صاف کریں اور خشک کریں۔
- بچے کو دھلنے والے کپڑے یا پیڈ پر لٹا دیں اور اس پر نظر رکھیں۔
- جب بچہ پیشاب کرنا شروع کرے تو کنٹینر کو جلد سے تھوڑا دور رکھ کر پیشاب کا کچھ حصہ کنٹینر میں جمع کر لیں۔

**5**



پیٹ کے سب سے نچلے درمیانی حصے (ناف کے نیچے والے حصے) کو ٹھنڈی اور گیلی سوتی پٹی یا روئی سے آہستہ آہستہ ملنے سے بچے کو پیشاب کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

**6**



جب آپ پیشاب کا نمونہ جمع کر لیں تو فوراً کنٹینر کا ڈھکن بند کریں اور اچھی طرح کس دیں۔

**7**



پیشاب جمع کرنے کےلیے پیڈ، روئی، سوتی پٹی یا کوئی اور چیز استعمال نہ کریں، کیونکہ اس سے ٹیسٹ کے نتائج متاثر ہو سکتے ہیں۔

## عام ہدایات

- نمونہ لینے سے پہلے بچے کی **شرمگاہ کے حصے کو اچھی طرح صاف اور خشک کریں۔**
- پیشاب کا نمونہ لینے سے پہلے اور بعد میں ہمیشہ اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں۔
- **جراثیم سے پاک کنٹینر کو** اس وقت تک نہ کھولیں جب تک آپ نمونہ جمع کرنے کےلیے تیار نہ ہوں۔
- **کنٹینر کے اندر والے حصے کو ہاتھ نہ لگائیں،** اور کوشش کریں کہ بچے کی شرمگاہ بھی کنٹینر کے کسی حصے کو نہ چھوئے۔
- **اگر آپ کے صحت کی دیکھ بھال کرنے** والے ماہر نے کہا ہو تو نمونہ جمع کرنے سے پہلے کنٹینر پر لیبل لگا دیں۔

## معلومات کا خلاصہ

**صاف پیشاب کا نمونہ کیا ہوتا ہے؟**

صاف پیشاب کا نمونہ وہ پیشاب ہوتا ہے جو سیدھا کنٹینر میں جمع کیا جاتا ہے اور پیشاب جلد، شرم گاہ یا کسی دوسری سطح سے نہیں لگتا۔

**مجھے صاف نمونہ کیوں لینا ضروری ہے؟**

یہ طریقہ جسم کے باہر موجود جراثیم کو پیشاب میں شامل ہونے سے روکتا ہے، جس سے ٹیسٹ کے نتائج زیادہ درست آتے ہیں۔

**کیا میں گھر کا کوئی جار یا ڈبہ استعمال کر سکتا/سکتی ہوں؟**

آپ کو پیشاب کا نمونہ لینے کےلیے وہی کنٹینر استعمال کرنا چاہیے جو آپ کے صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہر نے آپ کو دیا ہے۔

**کیا اس بات سے فرق پڑتا ہے کہ میں نمونہ کب جمع کروں؟**

کوشش کریں کہ پیشاب کا نمونہ اپنی مقررہ ملاقات کے قریب ترین وقت میں جمع کریں تاکہ نمونہ بہترین معیار کا ہو۔ کوشش کریں کہ بچے کو اینٹی بایوٹک دینے سے

## پیشاب کا نمونہ واپس کرنے کی ہدایات

**نمونہ جلدی سے واپس کریں۔**

کوشش کریں کہ اسے دو گھنٹے کے اندر اپنے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے پاس پہنچا دیں۔

**اسے ٹھنڈی جگہ پر رکھیں**

اگر آپ نمونے کو فوراً نہیں لے جا سکتے تو ڈبے کو پلاسٹک کے تھیلے میں رکھ کر فریج میں رکھ دیں، جب تک اسے واپس نہ لے جا سکیں۔

**نمونہ جمع کرانے کا آخری وقت ضرور معلوم کریں۔**

پوچھیں کہ نمونہ جمع کروانے کا آخری وقت کیا ہے, تاکہ نمونہ اسی دن لیبارٹری پہنچ سکے۔

**جراثیم سے پاک خصوصی کنٹینر استعمال کریں**

کچھ ڈبوں میں ایک محفوظ کرنے والا پاؤڈر ہوتا ہے اور ان پر بھرنے کی حد کی ایک لکیر بنی ہوتی ہے۔ کوشش کریں کہ پیشاب اس لکیر تک بھریں، لیکن اگر آپ ایسا نہ کر سکیں تو جتنا پیشاب ممکن ہو اتنا جمع کر لیں۔

**مزید معلومات کےلیے یہاں اسکین کریں**

© کراؤن کاپی رائٹ 2026۔ ورژن 1۔ شائع شدہ: جولائی 2026 نظرثانی کی تاریخ: جولائی 2029۔ یہ دستاویز صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہرین، مریضوں اور طبی اداروں کے ساتھ مل کر تیار کی گئی ہے۔ TARGET کو برطانیہ کی ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی چلاتی ہے۔